# اردو (لازمی) ۲۰۱۷

وقت: ۳۰ منٹ (نیا نصاب) کل نشانات: ۱۵

## حصہ الف (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) (۱۵)

ا۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) سبق "چین میں ایک دن اردو کے طالب علموں کے ساتھ" کے مصنف ہیں:

☆ ابن انشاء ☆ محمد انشاء ☆ انشاء اللہ خان انشا ☆ محمد منشایاد

(۲) اشراق کہتے ہیں اس نفل نماز کو جو پڑھی جائے: ☆ سورج طلوع ہونے کے فوراً بعد

☆ سورج غروب ہونے کے بعد ☆ نماز فجر کے بعد ☆ دوپہر کے بعد

(۳) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا اور درویش کی صدا کیا ہے اس شعر کے خالق ہیں:

☆ میر تقی میر ☆ غالب ☆ علامہ اقبال ☆ حسرت موہانی

(۴) لفظ سبزہ زار قواعد کی رو سے ہے:

☆ اسم آلہ ☆ اسم اشارہ ☆ اسم ظرف مکاں ☆ اسم ظرف زماں

(۵) مشرق کا شہسوار سے مراد ہے:

☆ سورج ☆ نہروالا راجہ ☆ محمود غزنوی ☆ حسن میمندی

(۶) میر تقی میر کی شاعری میں پایا جاتا ہے:

☆ حسن و عشق ☆ سوز و گداز ☆ تصوف ☆ شوخی و ظرافت

(۷) سبق توصیف کا خواب کے مصنف ہیں:

☆ ڈپٹی نذیر احمد ☆ راشد الخیری ☆ خواجہ حسن نظامی ☆ سید امتیاز علی تاج

(۸) لفظ جلنا کا حاصل مصدر ہے: ☆ جلانا ☆ جلاؤ ☆ جلن ☆ جلا ہوا

(۹) قبیلہ مخزوم کی عورت کو بچانے کے لئے لوگوں نے حضور اکرمؐ کے پاس بھیجا:

☆ حضرت اسامہؓ کو ☆ حضرت زیدؓ کو ☆ حضرت فاطمہؓ کو ☆ حضرت بلالؓ کو

(۱۰) ذخیرۃ الخوانین کے مصنف کا نام ہے:

☆ کپتان ہملٹن ☆ میاں نور محمد ☆ سعد اللہ خسان علامی ☆ شیخ فرید بکھری

(۱۱) مسلمانوں کے دور موجود میں دولت لامذہبی کی جڑ ہے۔

یہ جملہ جس سبق سے لیا گیا ہے اس کا عنوان ہے:

☆ سر سید احمد خان ☆ توصیف کا خواب ☆ سچی ہمدردی ☆ بنت بہادر شاہ

(۱۲) (۱۳) ہندوؤں نے مسلمانوں کو ختم کرنے کیلئے جو تحریک شروع کی اس کا نام تھا:

☆ تحریک ہجرت ☆ شدھی تحریک ☆ سنگھٹن تحریک ☆ تحریک خلافت

CBF

(۱۳) ارنی گوئے اوج طور سے مراد ہے:

☆ حضرت عیسیٰؑ ☆ حضرت موسیٰؑ ☆ حضرت ابراہیمؑ ☆ حضرت یوسفؑ

(۱۴) غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے: ☆ قافیہ ☆ کنیت ☆ مقطع ☆ مطلع

(۱۵) مرزا غالب نے اپنے جس خط میں شاگرد کے خط کی تعریف کی ہے وہ لکھا ہے:

☆ میر مہدی مجروح کو ☆ مرزا امرالدین احمد خان کو ☆ تفضل حسین خان کو ☆ انمیں سے کوئی نہیں

# اردو (لازمی) ۲۰۱۷

وقت: ڈھائی گھنٹے (سائنس گروپ) کل نشانات: ۶۰

## حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۳۵)

سوال ۲۔ درج ذیل میں سے کسی تین کے مختصر جواب تحریر کیجیے:

(۱) مسلمانوں کی قومیت ایک نظریاتی قومیت کیوں ہے؟

(۲) کم نظر لوگ سر سید احمد خان پر اکثر تنقید کیوں کرتے رہتے تھے؟

(۳) عبداللہ کو یہ یقین کیوں تھا کہ زبیر کو پھانسی نہیں دی جاسکتی؟

(۴) ہبار بن الاسود کون تھا اور رسول کریمؐ نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(۵) مولوی نذیر احمد نے اپنے خط میں اپنے بیٹے بشیر کو کیا نصیحت کی ہے؟

(۶) توصیف نے خواب میں کیا دیکھا؟

سوال ۳۔ مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال ---یا--- خلاصہ تحریر کیجیے:۔

(الف) پہلا قدم شرط ہے (ب) بنت بہادر شاہ (ج) نظریہ پاکستان

سوال ۴۔ مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال ---یا--- خلاصہ تحریر کیجیے:۔

(الف) وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا (ب) ہنس نامہ (ج) صحرا کی دعا

سوال ۵۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔

(۱) بلندی چاہیے انسان کی فطرت میں پوشیدہ کوئی ہو بھیس لیکن شان سلطانی نہیں جاتی

(۲) کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا ایک دم آئے ادھر ادھر چلے

(۳) بے وجہ تم جو بیٹھ رہے ہو کہ بے خبر آخر یہ کس خطا کی ملی ہے سزا مجھے

(۴) انہیں پر ہوا ہے عتاب اس کا نازل جنہیں حرص دولت نے بہکا دیا ہے

(۵) منہ اندھیرے کبھی اٹھ کر دیکھو کیا تر و تازہ ہوا ہوتی ہے !

سوال ۶۔ اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھیے جس میں یہ بتائیے کہ عہد حاضر کے پاکستان میں طلبہ کی ذمہ داریاں کیا ہیں۔

---یا---

کسی اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھیے جسمیں سڑکوں کی ٹوٹ پھوٹ اور ٹریفک کی بے

CBF

قاعدگیوں سے متعلق مسائل کی جانب توجہ مبذول کرائیے۔

سوال ۷۔(الف) مندرجہ ذیل الفاظ، محاورات کے جملے بنائیے۔

بیل منڈھے چڑھنا۔ یگانہ روزگار۔ نان شبینہ کو محتاج ہونا۔ منزل مقصود

(ب) اسم ظرف اور اسم آلہ کی تعریف مثالوں کے ساتھ تحریر کیجئے۔

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۵)

سوال ۸۔ درج ذیل نثر پارے کا مطلب تحریر کیجئے سبق کا عنوان و مصنف کا حوالہ بھی تحریر کیجئے

چھپن ستونوں پر گنبدی چھت بیضہ عنقہ کی طرح دھری تھی کہ ہر ستون ایک ڈال سنگ مرمر کا تراشا ہوا تھا اور سر سے پاؤں تک جواہرات سے مرصع تھا پچی کاری کی گلکاری چین کے نقش و نگار مناتی تھی اور کندن کی ڈلک ستاروں پر آنکھ مارتی تھی۔ بیچوں بیچ میں ایک جڑاؤ زنجیر لٹکتی تھی۔ اس میں ایک سونے کا چراغ دن رات دھڑا دھڑ جلتا تھا۔ خدا جانے کن وقتوں سے اسی طرح روشن چلا آتا تھا۔ جس کی قسمت میں آج کے دن اس آندھی سے گل ہونا لکھا تھا۔

--یا-- درج ذیل جملوں میں سے کسی چار کی تشریح سبق اور مصنف کا حوالہ کے ساتھ کیجئے:-

(۱) چار سو درس گاہوں کا وجود علمی ذوق کے عام ہونے کی دستاویز ہے

(۲) اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ اپنی حالت خود بدلنے کا تہیہ نہ کرلے۔

(۳) تحقیق اور اجتہاد میں جو جمود پیدا ہو گیا تھا اسے توڑا۔

(۴) لیاقت عجب چیز ہے۔ ساری عمر آدمی کو مسرت دینے والی چیز۔ عسر اور یسر دونوں میں لیاقت ہے۔

(۵) ان لق دق میدانوں کو لپیٹ سپیٹ کر دفعتاً اجمیر پر جا پہنچا۔

(۶) دولت جس کے کاٹے کا منتر نہیں، صورت جس کا جادو کا اتار نہیں، دونوں غائب

(۷) ان گلی ہڈیوں سے ایسی محبت کا دیکھنا اس کے دل کو پاش پاش کرتا تھا۔

سوال ۹۔ درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا مختصر حوالہ بھی دیجئے:-

(۱)
کس قدر تم پہ گراں صبح کی بیداری ہے
ہم سے کب پیار ہے ہاں نیند تمہیں پیاری ہے
طبع آزاد پہ قید رمضان بھاری ہے
تمہیں کہہ دو، یہی آئین وفاداری ہے
قوم مذہب سے ہے مذہب جو نہیں، تم بھی نہیں
جذب باہم جو نہیں، محفل انجم بھی نہیں

(۲)
وہ صبح اور وہ چھاؤں ستاروں کی اور وہ نور
دیکھے تو غش کرے ارنی گوئے اوج طور
پیدا گلوں سے قدرت اللہ کا ظہور
وہ جا بجا درختوں پہ تسبیح خواں طیور
گلشن خجل تھے وادی مینو اساس سے
جنگل تھا سب بسا ہوا پھولوں کی باس سے

(۱۰) درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھئے۔

(۱) محض آرزوؤں سے قوموں کی تقدیریں نہیں بدلتیں (۲) ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کیلئے

(۳) تعلیم نسواں (۴) میرا پسندیدہ شاعر (۵) کسی تاریخی مقام کی سیر

CBE

# اردو (لازمی) ۲۰۱۶

وقت: ۳۰ منٹ (نیا نصاب) کل نشانات: ۱۵

## حصہ الف (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) (۱۵)

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) جیسے روح لاش کو چھوڑ کر آ رہی ہے۔ یہ جملہ جس سبق سے لیا گیا ہے اسکا عنوان ہے:

☆ قرطبہ کا قاضی ☆ توصیف کا خواب ☆ گزرا ہوا زمانہ ☆ بنت ہبادرشاہ

(۲) مرزا غالب نے جس خط میں رام پور کے سفر کا ذکر کیا ہے وہ لکھا ہے:

☆ مرزا امیر الدین خان کو ☆ میر سرفراز حسین کو ☆ میر مہدی مجروح کو ☆ انمیں کوئی نہیں

(۳) تقلید کے خلاف زبردست مضامین تحریر کیئے:

☆ مولوی عبدالحق نے ☆ سید سلیمان ندوی نے ☆ خواجہ حسن نظامی نے ☆ سر سید احمد خان

(۴) جنگ یرموک میں مسلمانوں کے سپہ سالار تھے:

☆ حضرت خالد بن ولیدؓ ☆ حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ ☆ طارق بن زیاد ☆ محمود غزنوی

(۵) ثابت ہوا کہ غم کی رات ختم ہونے والی ہے۔ یہ جملہ جس سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کا عنوان ہے:

☆ بنت ہبادرشاہ ☆ توصیف کا خواب ☆ سچی ہمدردی ☆ ہاسٹل میں پڑھنا

(۶) ہبار بن الاسود نے ان کا قتل کیا:

☆ حضرت زینبؓ ☆ حضرت فاطمہؓ ☆ حضرت سارہؓ ☆ حضرت عائشہ صدیقہؓ

(۷) کانگریس جماعت تھی:

☆ ہندوؤں کی ☆ مسلمانوں کی ☆ عیسائیوں کی ☆ یہودیوں کی

(۸) نظم نعت کے شاعر کا نام ہے:

☆ مولانا حالی ☆ اسمعیل میرٹھی ☆ مولانا ظفر علی خان ☆ مولانا شبلی نعمانی

(۹) سبق سندھ میں علم وفضل کے مصنف کا نام ہے:

☆ مولانا غلام رسول مہر ☆ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ☆ خواجہ حسن نظامی ☆ ابن انشاء

(۱۰) ہماری درسی کتاب میں پطرس بخاری کے تحریر کردہ سبق کا نام ہے:

☆ پہلا قدم شرط ہے ☆ ہاسٹل میں پڑھنا ☆ ہمت کرے انسان تو ☆ گزرا ہوا زمانہ

(۱۱) جسے دیکھو بحر علوم میں غوطہ زن نظر آتا ہے۔ یہ عبارت لی گئی ہے سبق: ☆ ہاسٹل میں پڑھنا

☆ چین میں ایک دن اردو کے طالب علموں کے ساتھ ☆ بنت ہبادرشاہ ☆ سچی ہمدردی

(۱۲) ۱۹۰۶ء میں کل ہند مسلم لیگ کے نام سے مسلمانوں کی ایک الگ تنظیم کی بنیاد ڈالی:

☆ مولانا شوکت علی نے ☆ نواب محسن الملک نے ☆ نواب وقار الملک نے ☆ سر سید احمد نے

CBF

(۱۳) کلثوم زمانی بیگم بیٹی تھی:

☆ بہادر شاہ ظفر کی ☆ ظفر عالم کی ☆ ظفر عزیز کی ☆ ان میں سے کوئی نہیں

(۱۴) سبق گزرا ہوا زمانہ میں بوڑھا افسوس کر رہا تھا اپنے:

☆ ماضی پر ☆ حال پر ☆ قسمت پر ☆ ان میں سے کوئی نہیں

(۱۵) سبق ہمت کرے انسان تو کا مرکزی کردار ہے:

☆ کلیم ☆ علیم ☆ استاد ☆ گل خان

# اردو (لازمی) ۲۰۱۶

وقت: ڈھائی گھنٹے (سائنس گروپ) کل نشانات: ۶۰

## حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۳۵)

سوال ۲۔ درج ذیل میں سے کسی تین کے مختصر جواب تحریر کیجئے:

(۱) کلثوم زمانی بیگم کے رخصت ہوتے وقت بادشاہ نے کیا دعا مانگی؟

(۲) ہاسٹل کی زندگی کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟

(۳) حضرت شاہ ولی اللہ کی تحریک کے اہم مقاصد تحریر کیجئے۔

(۴) محمود غزنوی نے اپنے لشکر کے جانبازوں سے مخاطب ہو کر کیا کہا؟

(۵) کیا معاشرے کا بگاڑ ہمارے انفرادی عمل سے رک جائے گا؟ چند جملوں میں لکھیے۔

(۶) سر سید احمد خان کی زندہ دلی کا کوئی ایک یادگار واقعہ بیان کیجئے۔

سوال ۳۔ مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال ---یا--- خلاصہ تحریر کیجئے:۔

(الف) سومنا تھ کی فتح (ب) توصیف کا خواب (ج) سچی ہمدردی

سوال ۴۔ مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال ---یا--- خلاصہ تحریر کیجئے:۔

(الف) برسات (ب) صبح کا سماں (ج) محنت اپنی آن

سوال ۵۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے۔ نیز شاعر کا حوالہ بھی دیجئے:۔

(۱) محبت میں اک ایسا وقت بھی دل پر گزرتا ہے — کہ آنسو خشک ہو جاتے ہیں طغیانی نہیں جاتی

(۲) ہر بات میں انھیں کی خوشی کا رہا خیال — ہر کام سے غرض ہے انھیں کی رضا مجھے

(۳) دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے — آخر اس درد کی دوا کیا ہے

(۴) دیکھی نہیں کسی نے اگر شان مصطفیٰؐ — دیکھے کے جبرئیلؑ ہے دربان مصطفیٰؐ

سوال ۶۔ اپنے دوست / سہیلی کے نام ایک خط لکھیے جس میں کسی ایسی کتاب کا تذکرہ ہو جسے آپ نے پڑھا اور پسند کیا ہو۔

---یا---

اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھئے جسمیں شہر میں ٹریفک کی بد انتظامی کی طرف ان کی توجہ دلایئے

CBF

سوال ۷۔(الف) مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ استعمال کیے جانے والے مترادف لکھئے۔

خیر۔ عیش۔ امن۔ فتح۔ حق۔ عزم۔ غیظ۔ رنج۔

سوال ۷۔(ب) مندرجہ ذیل کے الفاظ کی جمع یا واحد لکھئے۔

خط۔ قارئین۔ طالب علم۔ بیگم۔ غلطی۔ اطوار۔ دعوت۔ عبارت۔

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۵)

سوال ۸۔ درج ذیل نثر پارے کا مطلب تحریر کیجئے سبق کا عنوان و مصنف کا حوالہ بھی تحریر کیجئے

کاتب بے تکلفی یا بے خیالی میں کچھ کا کچھ لکھ جاتا ہے۔ وہ صرف مکتوب الیہ کے لیے ہوتا ہے۔ منظر عام پر لانے کے لئے نہیں ہوتا لیکن اسے کوئی نہیں دیکھتا۔ مشیخت کے مارے سب ہی خط چھاپ دیے جاتے ہیں ۔خیر آپ کو خط جمع کرنے کا ایسا ہی شوق ہے تو کیجئے ، لیکن اللہ چھاپیے گا نہیں ۔ دیمک کی آئندہ سال کی غذا کے لئے رکھ لیجئے۔

۔۔۔یا۔۔۔

درج ذیل جملوں میں سے کسی چار کی تشریح سبق اور مصنف کا حوالہ کے ساتھ کیجئے:۔

(۱) ہنرمند انسان اللہ کا دوست ہے۔

(۲) معانقہ و تعظیم جس طرح احباب میں رسم ہے وہ صورت ملاقات کی ہے۔

(۳) قصر پاکستان کی بنیاد میں پہلی اینٹ اسی پیر مرد نے رکھی تھی۔

(۴) الٰہی آج کا آفتاب یہ کیا دیکھ رہا ہے! آج کی روشنی میں یہ کیا ہو رہا ہے۔

(۵) میرے اعمال کی شامت سے ان کو رسوا نہ کر۔

(۶) ایسے شوہر کے دل میں گھر کرنا لوہے کو نرمانا اور پتھر کو جونک لگانا تھا۔

(۷) ان گلی ہڈیوں میں ایسی محبت کا دیکھنا، اس کے دل کو پاش پاش کرتا تھا۔

سوال ۹۔ درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجئے ۔نظم کا عنوان اور شاعر کا مختصر حوالہ بھی دیجئے:۔

(۱)
مثل بو قید ہے غنچے میں پریشاں ہو جا — رخت بر دوش ہوائے چمنستان ہو جا
ہے تنک مایہ تو ذرے سے بیاباں ہو جا — نغمہ موج سے ہنگامہ طوفان ہو جا
قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے — دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کر دے

(۲)
وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوت ہادی — عرب کی زمیں جس نے ساری ہلا دی
نئی اک لگن دل میں سب کے لگا دی — اک آواز میں سوتی بستی جگا دی
پڑا ہر طرف غل یہ پیغام حق سے — کہ گونج اٹھے دشت و جبل نام حق سے

سوال ۱۰۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھئے:۔

(۱) دور جدید کی سہولیات (۲) ایک افسوس ناک واقعہ (۳) ایک تفریحی سفر کی روداد

(۴) دولت علم سے بہتر ہے (۵) اے ارض وطن ۔۔۔ پاکستان

CBE

# اردو (لازمی) ۲۰۱۵

وقت: ۳۰ منٹ (نیا نصاب) کل نشانات: ۱۵

## حصہ الف (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) (۱۵)

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) ''شاعرِ مزدور'' کے لقب سے مشہور ہوئے: • غالب • اقبال • حالی • احسان دانش

(۲) صنفِ ادب کی رو سے سبق ''سر سید احمد خاں'' ہے: • ڈرامہ • خاکہ • کہانی • ناول

(۳) مکہ معظمہ کا پرانا نام ہے: • حجاز • یثرب • بطحا • یمن

(۴) لفظ ''آنسو بہانا'' قواعد کی رو سے: • اسم مشتق • اسم جامد • مرکب مصدر • اسم ظرف

(۵) بہادر شاہ ظفر کے دربار کے شاہی حکیم کا نام تھا:

• مرزا ضیاء الدین • میر فیض علی • مرزا عمر سلطان • بستی

(۶) لفظ ''ظلم'' کا اسم مفعول ہے: • مظلوم • ظالم • ظالمانہ • ظلم وستم

(۷) ''بلبلِ بستانِ مصطفیٰ'' سے مراد ہے:

• باغ کا بلبل • بستانِ مصطفیٰ کا بلبل • نعت گو شاعر • نعتیہ شاعری

(۸) ''غرّہ'' کے معنی ہیں: • چودھویں کا چاند • مکمل چاند • نامکمل چاند • پہلی تاریخ کا چاند

(۹) ''بے ریائی اور صداقت عمر بھر ان کا شعار رہا''۔

یہ جملہ جس سبق سے لیا گیا ہے اس کا عنوان ہے:

• مولوی عبدالحق • سر سید احمد خاں • قرطبہ کا قاضی • ادیبوں کے خطوط

(۱۰) حادثہ ہے، کہ خزاں سے پہلے بوئے گل، گل سے جدا ہوتی ہے

اس شعر کے خالق ہیں: • ناصر کاظمی • علامہ اقبال • خواجہ میر درد • جگر مراد آبادی

(۱۱) انار کلی، قرطبہ کا قاضی اور چچا چھکن سے جس شخصیت کا نام ذہن میں آتا ہے وہ ہیں:

• تاج محمد • ڈاکٹر ابوالخیر کشفی • امتیاز علی تاج • ابنِ انشاء

(۱۲) اپنی غزل میں اپنے آپ کو ''شاعرِ رنگیں نوا'' کہہ کر پکارا ہے:

• میر تقی میر نے • بہادر شاہ ظفر نے • غالب نے • حسرت موہانی نے

(۱۳) ہندوؤں نے مسلمانوں کو ختم کرنے کیلئے جو تحریک شروع کی اس کا نام تھا:

• شدھی • تحریک عدم تعاون • سنگھٹن • تحریک خلافت

(۱۴) سندھ سے علمی دولت اٹھا کے لے گیا: • کپتان ہملٹن • نادر شاہ • میاں نور محمد خاں • فرید بکھری

(۱۵) سبق ''چین میں ایک دن اردو کے طالب علموں کے ساتھ'' کے مصنف ہیں:

• ابنِ انشاء • ڈاکٹر ابوالخیر کشفی • علامہ راشد الخیری • سید سلیمان ندوی

CBF

# اردو (لازمی) ۲۰۱۵

وقت: ڈھائی گھنٹے (سائنس گروپ) کل نشانات: ۶۰

## حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۳۵)

سوال ۲۔ درج ذیل میں سے کسی تین کے مختصر جواب تحریر کیجیے:

(۱) کیا معاشرے کا بگاڑ ہمارے انفرادی عمل سے رک جائے گا؟

(۲) ہاسٹل کی زندگی کے متعلق آپکا کیا خیال ہے؟

(۳) کم نظر لوگ سرسید احمد خان پر اکثر تنقید کیوں کرتے ہیں؟

(۴) عبداللہ کو یہ یقین کیوں تھا کہ زبیر کو پھانسی نہیں دی جائے گی؟

(۵) مسلمانوں کی قومیت ایک نظریاتی قومیت کیوں ہے؟

سوال ۳۔ مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال ---یا--- خلاصہ تحریر کیجیے:-

(الف) سومناتھ کی فتح (ب) سچی ہمدردی (ج) رسول اکرم ﷺ کے اخلاق

سوال ۴۔ مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال ---یا--- خلاصہ تحریر کیجیے:-

(الف) جنگ یرموک کا ایک واقعہ (ب) ہنس نامہ (ج) صبح کا سماں

سوال ۵۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ نیز شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:-

۱۔ شمع کی مانند ہم اس بزم میں چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

۲۔ اک نیا دور جنم لیتا ہے ایک تہذیب فنا ہوتی ہے

۳۔ انھیں پر ہوا ہے عتاب اس کا نازل جنھیں حرص دولت نے بہکا دیا ہے

۴۔ جان تم پر نثار کرتا ہوں میں نہیں جانتا ہوا کیا ہے

سوال ۶۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے جس میں پاکستان کے موجودہ حالات میں قومی خدمت کی ضرورت واہمیت بیان کیجیے۔

---یا---

اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھیے جس میں پاکستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مسئلے کے حل کیلئے تجاویز پیش کیجیے۔

سوال ۷۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کیجیے:-

(الف) مطلع اور مقطع (ب) قافیہ اور ردیف (ج) فعل معروف اور فعل مجہول

سوال ۷۔ (ب) مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع بنائیے۔

• سلف • ادیب • حصہ • الم • ناظر • نجم • یتیم • نوع

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۵)

سوال ۸۔ درج ذیل نثر پارے کا مطلب تحریر کیجیے۔ سبق کا عنوان و مصنف کا حوالہ بھی تحریر کیجیے

CBF

نوکری اور رزق تو مقدر ہے مگر لیاقت عجب چیز ہے ساری عمر آدمی کو مسرت دینے والی چیز۔ عسر اور یسر دونوں میں لیاقت ہے۔ میرا اعتماد لائقوں میں نہیں اور مجھ کو زمانے نے لیاقت حاصل کرنے کی مہلت نہیں دی اور جو وقت کسب کمال کا تھا وہ ایسی بے سروسامانی اور مصیبت میں گزرا کہ اتنا پڑھ لینا بھی تعجب معلوم ہوتا ہے مگر اس اضطراری میں جو دو چار حرف پڑھ لیئے تھے، میں نہیں کہتا کہ نوکری ان کی وجہ سے ہے کیونکہ مجھ سے زیادہ لائق جوتیاں چٹخاتے پھرتے ہیں اور نان شبینہ کو محتاج ہیں۔ ۔۔۔یا۔۔۔

درج ذیل جملوں میں سے کسی چار کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا حوالہ بھی دیجئے:۔

(۱) اسلاف کی علمی ثروتوں کو بے دردی سے لٹا دیا اور جواہرات کو کوڑیوں کے مول فروخت کر دیا۔

(۲) دیکھا تو یہی دکھا کہ کادل بادل چھا گیا ہے اور نشان محمودی لہرا رہا ہے۔

(۳) دولت جس کے کاٹے کا منتر نہیں، صورت جس کا جادو کا اتار نہیں، دونوں غائب

(۴) میری بوڑھی زبان سے اللہ تعالیٰ کا عفو و رحم کئی بار بولا لیکن اس نے سننے والے کانوں کو بہرا پایا۔

(۵) در و دیوار سے حسرت برستی تھی۔ (۶) حرکت میں برکت ہے۔

سوال ۹۔ درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا مختصر حوالہ بھی دیجئے:۔

وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوت ہادی عرب کی زمیں جس نے ساری ہلا دی
نئی اک لگن دل میں سب کے لگادی اک آواز میں سوتی بستی جگادی
پڑا ہر طرف غل یہ پیغام حق سے
کہ گونج اٹھے دشت و جبل نام حق سے

۔۔۔یا۔۔۔

منفعت ایک ہے اس قوم کی، نقصان بھی ایک ایک ہی سب کا نبیؐ، دین بھی، ایمان بھی ایک
حرم پاک بھی، اللہ بھی، قرآن بھی ایک کچھ بڑی بات تھی ہوتے مسلمان بھی ایک؟
فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں!
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

سوال ۱۰۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھئے:۔

(الف) محنت زندہ قوموں کی ہے عظمت کی پہچان (ب) ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کیلئے (ج) کتب خانوں کی اہمیت وافادیت (د) کتاب میری بہترین دوست ہے (ہ) ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔

# اردو (لازمی) ۲۰۱۴

(نیا نصاب)

وقت: ۳۰ منٹ کل نشانات: ۱۵

## حصہ الف (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) (۱۵)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لیئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

CBF

(۱) نظم محنت اپنی آن صنف کے اعتبار سے ہے: ☆ مسدس ☆ مخمس ☆ مثنوی ☆ مرثیہ

(۲) سبق سندھ میں علم وفضل کے مصنف ہیں:

☆ مولانا غلام رسول مہر ☆ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ☆ احسان دانش ☆ نظیر اکبر آبادی

(۳) اردو کے سب سے پہلے عوامی شاعر ہیں:

☆ ڈپٹی نذیر احمد ☆ اکبرالہ آبادی ☆ احسان دانش ☆ نظیر اکبر آبادی

(۴) غالب نے ناراض ہو کر خط لکھا:

☆ تفضل حسین خان کو ☆ امیر احمد خان کو ☆ میر مہدی مجروح کو ☆ میر نصیر الدین کو

(۵) لفظ تمین ویسار کے معنی ہیں:

☆ الٹا سیدھا ☆ بائیں دائیں ☆ دائیں بائیں ☆ آگے پیچھے

(۶) تارے سب چھپ گئے تھے مگر فجر کا تارا جھلملا رہا تھا۔ یہ جملہ جس سبق سے لیا گیا ہے وہ ہے:

☆ قرطبہ کا قاضی ☆ پہلا قدم شرط ہے ☆ سچی ہمدردی ☆ بنت بہادر شاہ

(۷) لفظ پروردگار قواعد کی رو سے ہے:

☆ اسم جامد ☆ اسم مصدر ☆ اسم مشتق ☆ اسم ضمیر

(۸) شیخ فرید اور ہملٹن کی شہادتیں دراصل متعلق ہیں: ☆ کلہوڑوں کے زمانے سے

☆ مغلوں کے زمانے سے ☆ انگریزوں کے زمانے سے ☆ تالپروں کے زمانے سے

(۹) خدائے سخن اور شہنشاہ تغزل کے القاب سے مشہور ہیں:

☆ میر درد ☆ اسد اللہ خان غالب ☆ میر انیس ☆ میر تقی میر

(۱۰) نجم الدولہ اور دبیر الملک کے خطابات حاصل کیے:

☆ غالب نے ☆ الطاف حسین حالی نے ☆ سر سید احمد خان نے ☆ نواب محسن الملک نے

(۱۱) وائی میں مطلع کا جو مصرعہ ہر شعر کے بعد دہرایا جاتا ہے، وہ ہے:

☆ مصرعہ اولیٰ ☆ مصرعہ ثانی ☆ مصرعہ ثالث ☆ آخری مصرعہ

(۱۲) بیتاب ہے آب گل میں مستی اس مصرعے میں آب وگل سے مراد ہے:

☆ مٹی اور پانی ☆ پانی اور پھول ☆ پانی اور مٹی ☆ انسانی فطرت

(۱۳) اردو میں قومی شاعری، سوانح نگاری اور تنقید نگاری کے بانی ہیں:

☆ ساقی جاوید ☆ علامہ اقبال ☆ الطاف حسین حالی ☆ محمد حسین آزاد

(۱۴) اطلس زنگاری فلک سے مراد ہے:

☆ چمکدار ریشمی کپڑا ☆ پھول دار ریشمی کپڑا ☆ نیلا آسمان ☆ ستاروں بھرا آسمان

(۱۵) نعت گوئی میں شہرت حاصل کی: ☆ مولانا ظفر علی خان نے

☆ اسماعیل میرٹھی نے ☆ شاہ عبداللطیف بھٹائی نے ☆ حفیظ جالندھری نے

CBF

# اردو (لازمی) ۲۰۱۴

وقت: ڈھائی گھنٹے (سائنس گروپ) کل نشانات: ۶۰

## حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۳۵)

سوال۲۔ درج ذیل میں سے کسی تین کے مختصر جواب تحریر کیجیے:

(الف) سندھ کے علم وفضل کے بارے میں ہملٹن نے کیا لکھا ہے؟

(ب) رسول کریم کی سخاوت اور فیاضی کا کوئی واقعہ لکھیے۔

(ج) علاقائی زبانوں کی موجودگی میں قومی زبان کی کیا اہمیت ہے؟

(د) صحافت کا پیشہ کس طرح خدمت خلق سے عبارت ہے؟

(ہ) سرسید احمد خان نے اسلام کی کیا بے نظیر خدمت کی؟

سوال۳۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے:

(الف) بنت بہادر شاہ (ب) توصیف کا خواب (ج) قرطبہ کا قاضی

سوال۴۔ درج ذیل منظومات میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے۔

(الف) وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا (ب) صحرا کی دعا (ج) صبح کا سماں

سوال۵۔ درج ذیل میں اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(۱) جلے جاتے ہیں بڑھ بڑھ کر، مٹے جاتے ہیں گر گر کر — حضورِ شمع پروانوں کی نادانی نہیں جاتی

(۲) ہم کو ان سے وفا کی ہے امید — جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

(۳) دیکھی نہیں کسی نے اگر شانِ مصطفیٰؐ — دیکھے کہ جبرئیلؑ ہے دربانِ مصطفیٰؐ

(۴) ساقیا! یاں لگ رہا ہے چل چلاؤ — جب تلک بس چل سکے ساغر چلے

سوال۶۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے۔ جس میں وقت کی قدر و قیمت کا احساس دلاتے ہوئے اسے پابندی وقت کی تلقین کیجیے۔

---یا---

اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھیے جس میں پاکستان میں بجلی اور گیس کی کمی کے حوالے سے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے توانائی کے بحران کے خاتمے کے لیے تجاویز دیجیے۔

سوال۷۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کی دو دو مثالیں تحریر کیجیے۔

اسم صوت۔ اسم آلہ۔ لقب۔ خطاب۔ کنیت۔ تخلص۔

(ب) ذیل کے سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے کم از کم دو دو الفاظ بنائیے۔ بار۔ پُر۔ خوار۔ تند۔

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۵)

سوال۸۔ درج ذیل نثر پارے کا مطلب تحریر کیجیے سبق کا عنوان و مصنف کا حوالہ بھی تحریر کیجیے

اہل مغرب نے خاندانی، نسلی اور قبائلی بنیادوں میں ذرا وسعت پیدا کر کے قومیت کی بنیاد جغرافیائی

CBF

حدود پر استوار کیں اور کہا کہ قوم وطن سے بنتی ہے۔ اس نظریے کی وجہ سے دنیا کے انسانوں کے درمیان تباہی کا جو دروازہ کھلا وہ دو عالمی جنگوں کے ہونے سے بخوبی ظاہر ہے۔ یہ وطنی قومیت ہی کی بنیاد پر لڑی گئی تھیں اور یہ وطنی قومیت جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کو تحفظ دینے میں تو بالکل ہی ناکام تھی۔ ---یا---

درج ذیل جملوں میں سے کسی چار کی مختصر تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا حوالہ بھی دیجیے۔

(۱) میاں تمہارے دادا نواب امین الدین خان بہادر ہیں، میں تمہارا دلدادہ ہوں۔

(۲) کہیں سیاحت کے دعوے سے امام ضامن کا روپیہ مانگنے کے لیے جا پہنچے۔

(۳) جو زمانے کی گردش سے ان پر گزری۔

(۴) لے دے کر رہی سیرت، محبت، عادت، خصلت یہی ہتھیار ہیں جن پر فتح کا دارومدار ہے۔

(۵) مشرق کا شہسوار ستاروں کی فوج کو شکست دے کر شعاع کا نیزہ ہاتھ میں لیے نکلا۔

(۶) جو کوئی خدا کے فرض کو اس بدوی کی طرح جس نے کہا واللہ لا ازید ولا انقص ادا کر کے انسانوں کی بھلائی اور بہتری میں سعی کرے اس کی میں مسخر ہوتی ہوں۔

سوال ۹۔ درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا مختصر حوالہ بھی دیجیے۔

صفحۂ دہر سے باطل کو مٹایا کس نے؟ نوعِ انساں کو غلامی سے چھڑایا کس نے؟
میرے کعبے کو جبینوں سے بسایا کس نے؟ میرے قرآن کو سینوں سے لگایا کس نے
تھے تو آباء وہ تمہارے ہی، مگر تم کیا ہو؟ ہاتھ پر ہاتھ دھرے منتظرِ فردا ہو!

---یا---

وہ قمریوں کا چار طرف سرو کے ہجوم کوکو کا شور نالۂ حق سرہ کی دھوم
سبحان ربّنا کی صدا تھی علی العموم جاری تھے وہ جوان کی عبادت کے تھے رسوم
کچھ گل فقط نہ کرتے تھے ربِ غلا کی حمد ہر خار کو بھی نوکِ زباں تھی خدا کی حمد

سوال ۱۰۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے۔

(۱) حرکت میں برکت ہے (۲) پاکستان کے موجودہ مسائل اور ہمارا قومی کردار (۳) خدمتِ خلق عین عبادت ہے (۴) کوئی رفیق نہیں ہے کتاب سے بہتر (۵) کسی تاریخی مقام کی سیر

# اردو (لازمی) ۲۰۱۳

وقت: ۳۰ منٹ (نیا نصاب) کل نشانات: ۱۵

## حصہ الف (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) (۱۵)

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(۱) نظم جنگ یرموک کا ایک واقعہ میں یرموک نام ہے:

(الف) پہاڑ کا (ب) میدان کا (ج) صحرا کا (د) دریا کا

(۲) چینی زبان میں نی ہاؤ کے معنی ہیں:
(الف) مزاج شریف (ب) شکریہ (ج) اچھا پھر ملیں گے (د) خدا حافظ
(۳) سومناتھ کی فتح ایک سبق ہے: (الف) سیاسی (ب) تاریخی (ج) تحقیقی (د) توصیفی
(۴) لفظ اُڑنا کا حاصل مصدر ہے: (الف) اُڑانا (ب) اُڑنے والا (ج) اُڑان (د) اُڑایا
(۵) نخلِ گلشن زہرا سے مراد ہے: (الف) حضرت محمدؐ کے نواسے (ب) حضرت فاطمہؓ کے باغ کے پھل (ج) حضرت فاطمہؓ کے باغ کے پیڑ (د) حضرت امام حسین علیہ السلام ان کے ساتھی
(۶) خواجہ میر درد اردو غزل میں اپنے اس رنگ کی وجہ سے مشہور ہیں:
(الف) صوفیانہ (ب) شاعرانہ (ج) عاشقانہ (د) فلسفیانہ
(۷) سبق اردو اور علاقائی زبانوں کو مرتب کیا ہے:
(الف) مصنفین نے (ب) مؤلفین نے (ج) بابائے اردو نے (د) آقائے اردو نے
(۸) لفظ نشانہ باندھنا قواعد کے اعتبار سے ہے:
(الف) مصدر (ب) حاصل مصدر (ج) مرکب مصدر (د) مفرد مصدر
(۹) طائرانِ خوش الحان کے نغمے، آبشاروں کی سریلی آوازیں خواہ مخواہ دلوں میں امنگ پیدا کرتی تھیں۔
یہ جملہ کس سبق سے لیا گیا ہے:
(الف) بنت بہادر شاہ (ب) قرطبہ کا قاضی (ج) ہاسٹل میں پڑھنا (د) توصیف کا خواب
(۱۰) سبق سر سید احمد خان کے مصنف ہیں:
(الف) الطاف حسین حالی (ب) سر سید احمد خان (ج) مولوی عبدالحق (د) محمد حسین آزاد
(۱۱) نظم صحرا کی دعا کا تعلق اسلامی تاریخ کے اس مشہور واقعہ سے ہے:
(الف) غزوۂ احد (ب) غزوۂ بدر (ج) غزوۂ خیبر (د) فتح مکہ
(۱۲) لفظ مُلک کی جمع ہے: (الف) ممالک (ب) ملائک (ج) ملوک (د) املاک
(۱۳) جب غبار کے دامن کو مقراض ہوا نے چاک کیا۔ اس جملے میں مُراض سے مراد ہے:
(الف) قینچی (ب) چاقو (ج) تلوار (د) نیزہ
(۱۴) نظم برسات کے شاعر ہیں:
(الف) نظیر اکبر آبادی (ب) احسان دانش (ج) ساقی جاوید (د) حفیظ جالندھری
(۱۵) جہانگیر کے زمانے میں انہوں نے قید و بند کی سختیاں جھیلیں:
(الف) شاہ ولی اللہؒ (ب) سید احمد شہیدؒ (ج) مجدد الف ثانیؒ (د) اورنگ زیب عالمگیر

# اردو (لازمی) ۲۰۱۳

وقت: ڈھائی گھنٹے (سائنس گروپ) کل نشانات: ۶۰

CBF

## حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۳۵)

(۲) درج ذیل میں سے کسی تین کے مختصر جواب تحریر کیجئے:

(الف) چین میں اردو زبان کی مقبولیت کا اندازہ کن باتوں سے لگایا جاسکتا ہے؟

(ب) کلثوم زمانی بیگم کے رخصت ہوتے وقت بادشاہ نے کیا دعا مانگی؟

(ج) دنیا میں قومیت کی تشکیل کے دو بنیادی نظریے کون سے ہیں؟

(د) ہبار بن الاسود کون تھا اور حضور اکرمؐ نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(ہ) توصیف نے خواب میں کیا دیکھا؟

(۳) درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے:

(الف) نظریہ پاکستان (ب) اردو اور علاقائی زبانیں (ج) پہلا قدم شرط ہے

(۴) درج ذیل منظومات میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے۔

(الف) محنت اپنی آن (ب) جنگ یرموک کا ایک واقعہ (ج) ہنس نامہ

(۵) درج ذیل میں اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔

(۱) نہیں جاتی کہاں تک فکر انسانی نہیں جاتی — مگر اپنی حقیقت آپ پہچانی نہیں جاتی

(۲) دوستو! دیکھا تماشا یاں کا بس — تم رہو اب ہم تو اپنے گھر چلے

(۳) وہ چاہے تو عزت، وہ چاہے تو ذلت — جسے جو ملا ہے، اسی سے ملا ہے

(۴) ہر حال میں رہا جو آسرا مجھے — مایوس کر سکا نہ ہجوم بلا مجھے

(۶) اپنے دوست کو ایک خط تحریر کیجئے جس میں بتایئے کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی قومی اتحاد میں پوشیدہ ہے۔ ---یا--- خبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھئے۔ جس میں امتحان میں نقل کے بڑھتے ہوئے رجحانات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مسئلے کے حل کے لئے تجاویز دیجئے۔

(۷)(الف) ذیل کے الفاظ میں سے سابقے اور لاحقے چن کر علیحدہ علیحدہ لکھئے۔

خون ریز، بدذوق، ہمکلام، خوش طبع، سجدہ گزار، لاحاصل، دیدہ زیب، ذمے دار

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ ومحاورات کے جملے بنایئے: یگانہ روزگار، سرمایہ فخر ہونا، نصب العین، زیروزبر کرنا

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۵)

(۸) درج ذیل نثر پارے کا مطلب تحریر کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا حوالہ بھی تحریر کیجئے۔

اس مدت میں سے کم وبیش آدھی مدت مختلف کشمکشوں میں گزری۔ ظاہر ہے کہ اس حالت میں فراہمی کتب کی طرف دل جمعی سے توجہ نہیں ہوسکتی تھی۔ میاں نور محمد خان جانشین بنے تو ان کے سامنے اہم ملکی تنظیمات تھیں اور مسلسل چھوٹی بڑی لڑائیاں جاری رہیں۔ جو میاں صاحب کے نصب العین کی تکمیل میں ناگزر تھیں۔

---یا--- درج ذیل جملوں میں سے کسی چار کی مختصر تشریح کیجئے۔

CBF

(الف) لیاقت عجب چیز ہے۔ ساری عمر آدمی کو مسرت دینے والی چیز۔ عسر اور یسر دونوں میں لیاقت ہے۔
(ب) سب نے خیال کے عیار اور فکر کے جاسوس چاروں طرف دوڑائے۔
(ج) قصر پاکستان کی بنیاد میں سب سے پہلی اینٹ اسی پیر مرد نے رکھی تھی۔
(د) اندھیرا اتنا ہے کہ ہر تاریک گوشے کو شمع کی ضرورت ہے۔
(ر) تمہاری خدمت میں اور ہم کو تکلیف! جی چاہتا ہے آنکھیں تمہارے تلووں میں بچھادوں۔
(س) ہنر مند انسان اللہ کا دوست ہے۔

۹۔ درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا مختصر حوالہ بھی دیجئے۔

مس خام کو جس نے کندن بنایا کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا پلٹ دی بس اک آن میں اس کی کایا
رہا ڈر نہ بیڑے کو موج بلا کا ادھر سے ادھر پھر گیا رخ ہوا کا

۔۔۔۔یا۔۔۔۔

ٹھنڈی ہوا میں سبزۂ صحرا کی وہ لہک شرمائے جس سے اطلس زنگارئ فلک
وہ جھومنا درختوں کا، پھولوں کی وہ مہک ہر برگ گل پہ قطرۂ شبنم کی وہ جھلک
ہیرے خجل تھے، گوہر یکتا نثار تھے پتے بھی ہر شجر کے جواہر نگار تھے

۱۰۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے۔
(۱) محض آرزوؤں سے قوموں کی تقدیریں نہیں بدلتیں۔ (۲) سائنس رحمت بھی ہے زحمت بھی
(۳) ع درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو (۴) میرا پسندیدہ مشغلہ (۵) میڈیا آزاد۔ نسل برباد

# اردو (لازمی) ۲۰۱۲

(نیا نصاب)

وقت: ۳۰ منٹ کل نشانات: ۱۵

## حصہ الف (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) (۱۵)

دیئے ہوئے ممکنہ جوابات میں سے ہر ایک کے لئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) ہبار بن الاسود حضور اکرم کی ان صاحبزادی کا قاتل تھا:
(الف) حضرت زینبؓ (ب) حضرت فاطمہؓ (ج) حضرت کلثومؓ (د) حضرت حلیمہؓ

(۲) اندھیرا اتنا ہے کہ ہر تاریک گوشے کو ضرورت ہے:
(الف) دیئے کی (ب) چراغ کی (ج) شمع کی (د) روشنی کی

(۳) نظم وائی کے مترجم ہیں:
(الف) مولانا ظفر علی خان (ب) محمد اسمٰعیل میرٹھی (ج) شیخ ایاز (د) ظفر نعمانی

(۴) بڑھا جانب بوقبیس ابر رحمت میں بوقبیس نام ہے:

CBF

(الف) شہر کا (ب) دریا کا (ج) پہاڑ کا (د) جنگلات کا

(۵) رخصت پکار سے مراد ہے: (الف) جنگ کی اجازت

(ب) جنگ کا نظارہ کرنے کی اجازت (ج) گھر جانے کی اجازت (د) جنگ ختم کرنے کی اجازت

(۶) نظم جواب شکوہ ان کی تخلیق ہے:

(الف) حفیظ جالندھری (ب) مولانا حالی (ج) علامہ اقبال (د) نظیر اکبر آبادی

(۷) نظم صبح کا سماں صنف شاعری کے لحاظ سے ہے:

(الف) منقبت (ب) حمد (ج) مسدس (د) مرثیہ

(۸) دوڑنا کا حاصل مصدر ہے: (الف) دوڑ (ب) دوڑایا (ج) دوڑا (د) دوڑانا

(۹) دعائے خلیل سے مراد ہے:

(الف) حضرت عیسیٰؑ (ب) حضرت موسیٰؑ (ج) حضرت ابراہیمؑ (د) حضرت محمدؐ

(۱۰) ڈرامہ قرطبہ کا قاضی کے مصنف کا نام ہے:

(الف) سید سلیمان ندوی (ب) امتیاز علی تاج (ج) رشید احمد صدیقی (د) شبلی نعمانی

(۱۱) توصیف نے اپنی سسرال والوں کا دل اس طرح جیتا:

(الف) دولت سے (ب) خوبصورتی سے (ج) سیرت سے (د) مال سے

(۱۲) کلثوم زمانی بیگم کے قافلے میں کل افراد تھے: (الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

(۱۳) چین میں مہمانوں کا استقبال کیا جاتا ہے:

(الف) ہاتھ ہلا کر (ب) تالی بجا کر (ج) ہاتھ سر سے بلند کر کے (د) ہاتھ جوڑ کر

(۱۴) سندھ میں قیمتی متاع سمجھا جاتا ہے:

(الف) کھنڈرات کو (ب) مقبرو کو (ج) کتابوں کو (د) عمارتوں کو

(۱۵) سلطان حیدر علی اور ٹیپو سلطان اس ریاست کے حکمران تھے:

(الف) بنگال (ب) میسور (ج) حیدر آباد (د) لکھنو

# اردو (لازمی) ۲۰۱۲

وقت: ڈھائی گھنٹے (سائنس گروپ) کل نشانات: ۶۰

## حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۳۵)

سوال ۲۔ درج ذیل میں سے کسی تین کے مختصر جواب تحریر کیجیے:

(الف) سبق گزرا ہوا زمانہ میں مصنف نے قوم کے نوجوانوں کو کیا نصیحت کی ہے؟

(ب) رسول کریمؐ نے عورتوں کے مرتبے کو بلند کرنے کے لیے کیا ارشاد فرمایا؟

(ج) نواب نور محل نے خواب میں کیا دیکھا؟ (د) گل خان کو کس بات نے متاثر کیا؟

CBF

(۵) جب محمود غزنوی سومناتھ کا بت توڑنے لگا تو پجاریوں نے اسے کیا کہا اور محمود نے انہیں کیا جواب دیا؟

سوال ۳۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے:

(الف) سومناتھ کی فتح (ب) ہمت کرے انسان (ج) سچی ہمدردی

سوال ۴۔ درج ذیل منظومات میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے۔

(الف) برسات (ب) صحرا کی دعا (ج) جواب شکوہ

سوال ۵۔ درج ذیل میں اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔

(۱) میرے ہزار دل ہوں تصدق حضور پر میری ہزار جان ہو قربان مصطفیٰ

(۲) کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا ایک دم آئے اِدھر اُدھر چلے

(۳) بلندی نا پیے انسان کی نظرت میں پوشیدہ کوئی ہو بھیس لیکن شان سلطانی نہیں جاتی

(۴) بے وجہ تم جو بیٹھ رہے ہو کے بے خبر آخر یہ کس خطا کی ملی ہے سزا مجھے

سوال ۶۔ اپنے بھائی کو ایک خط تحریر کیجئے جس میں اس کو تعلیم کی طرف سے غفلت برتنے پر سرزنش کیجئے اور تعلیم کی اہمیت سمجھایئے۔ ---یا--- کسی اخبار کے مدیر کو ایک خط تحریر کیجئے جس میں بتایئے کہ ٹریفک کا شور اور دھواں کس طرح انسانی صحت کو متاثر کر رہا ہے۔

سوال ۷۔ (الف) ذیل کے الفاظ میں سے ظرف مکاں اور ظرف زماں علیحدہ علیحدہ لکھیے۔

بہار ۔ جنگل ۔ دوپہر ۔ باغ ۔ شب ۔ کلیسا ۔ بازار ۔ سحر

(ب) مندرجہ ذیل میں سے چار محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

باغ باغ ہونا ۔ لوہے کو زمانا ۔ کاج کی لاج ۔ دل میں گھر کرنا ۔ کسی کا کلمہ پڑھنا ۔ بیل منڈھے چڑھنا ۔ پتھر کو جونک لگانا۔

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۵)

سوال ۸۔ درج ذیل نثر پارے کا مطلب تحریر کیجئے سبق کا عنوان و مصنف کا حوالہ بھی تحریر کیجئے

برا ماننے کی بات نہیں۔ مشاہدہ ہے کہ مسلمانوں کے دور موجود میں دولت لا مذہبی کی جڑ ہے۔ مسلمان دولت مند ہو کر نماز کا پابند کم ہی دیکھنے میں آیا ہے۔ غریب، جس نے مفلسی میں تہجد اور اشراق تک ناغہ نہ کی مالدار ہوتے ہی مذہب کو طاق میں رکھ، خدا سے ایسا فرنٹ ہوا کہ جیسے کبھی واسطہ ہی نہ تھا۔

---یا--- درج ذیل جملوں میں سے کسی چار کی مختصر تشریح کیجئے۔

(۱) ان لق و دق میدانوں کو لپیٹ سپیٹ کر دفعتاً اجمیر جا پہنچا۔

(۲) ماں باپ دل ہی دل میں اس کی بلائیں لینے لگے۔

(۳) وہ مرد جانتا تھا قرضہ واجب ہے مگر میں کیا کروں اس وقت بالکل تہی دست ہوں۔

(۴) تحقیق اور اجتہاد میں جو جمود پیدا ہو گیا تھا اسے توڑا۔

CBF

(۵) چلو تو سارے زمانے کو ساتھ لے کر چلو۔

(۶) معانقہ و تعظیم جس طرح احباب میں رسم ہے وہ صورت ملاقات کی ہے۔

سوال ۹۔ درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان و شاعر کا حوالہ بھی دیجیے

(۱) مثل بو قید ہے غنچے میں پریشاں ہو جا — رخت بر دوش ہوائے چمنستان ہو جا
ہے تنک مایہ تو ذرے سے بیاباں ہو جا — نغمہ موج سے ہنگامہ طوفان ہو جا
قوت عشق سے ہر پست کو بالا کردے — دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کردے

(۲) چیونٹی بھی ہاتھ اٹھا کے یہ کہتی تھی بار بار — اے دانہ کش ضعیفوں کے رازق، ترے نثار
یاحی یا قدیر کی تھی ہر طرف پکارا — تہلیل تھی کہیں، کہیں تسبیح کردگار
طائر ہوا میں مست ہرن سبزہ زار میں — جنگل کے شیر ہونک رہے تھے کچھار میں

سوال ۱۰۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے۔

(۱) قومی اتحاد (۲) نوجوان نسل میں موبائل فون کے نقصانات (۳) ایک یادگار سفر
(۴) محنت کی عظمت (۵) طلباء کے لیے وقت کی اہمیت۔

# اردو (لازمی) ۲۰۱۱

وقت: ۳۰ منٹ (نیا نصاب) کل نشانات: ۱۵

## حصہ الف (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) (۱۵)

سوال ۱۔ دیے ہوئے ممکنہ جوابات میں سے ہر ایک کے لئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے، اسے کیا کہتے ہیں۔
(الف) نعت (ب) حمد (ج) منقبت (د) قصیدہ

(۲) مسدس کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ (الف) دو (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

(۳) بنت بہادر شاہ کا نام تھا۔
(الف) کلثوم زمانی بیگم (ب) زینب زمانی بیگم (ج) حافظ سلطان (د) نواب نور محل

(۴) پاکستان کی قومی زبان ہے: (الف) سندھی (ب) اردو (ج) انگریزی (د) عربی

(۵) نظم وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا کس کی تخلیق ہے؟
(الف) علامہ اقبال (ب) نظیر اکبر آبادی (ج) مولانا حالی (د) ساقی جاوید

(۶) علامہ اقبال کا لقب ہے: (الف) حکیم الامت (ب) بابائے اردو (ج) مصور غم (د) خدائے سخن

(۷) اردو کا پہلا قومی شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟
(الف) نظیر اکبر آبادی (ب) اقبال (ج) حالی (د) اکبر الہ آبادی

(۸) کس کو مزاح نگاری میں اعلیٰ مقام حاصل ہے؟

CBE

(الف) سر سید (ب) پطرس بخاری (ج) محمد حسین آزاد (د) نذیر احمد

(۹) قرطبہ کا قاضی، صنف ادب کے لحاظ سے ہے:

(الف) کہانی (ب) داستان (ج) ڈرامہ (د) مضمون

(۱۰) گزرا ہوا زمانہ، کس کی تحریر ہے؟

(الف) محمد حسین آزاد (ب) مولوی عبدالحق (ج) ابن انشاء (د) سر سید احمد خان

(۱۱) چینی زبان کے لفظ شے شے سے مراد ہے:

(الف) شکریہ (ب) اچھا پھر ملیں گے (ج) خدا حافظ (د) مزاج شریف

(۱۲) میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(الف) قصیدہ گوئی (ب) غزل گوئی (ج) مرثیہ نگاری (د) مزاح نگاری

(۱۳) کس کے لئے کہا جاتا ہے کہ انہوں نے مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا؟

(الف) مولوی عبدالحق (ب) نذیر احمد (ج) علامہ اقبال (د) مرزا غالب

(۱۴) نوید مسیحا سے مراد ہے؟ (الف) حضرت محمدؐ (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

(ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام (د) حضرت اسماعیل علیہ السلام

(۱۵) غزل کے پہلے شعر کو کہا جاتا ہے: (الف) مطلع (ب) مقطع (ج) حسن مطلع (د) حاصل مصدر

# اردو (لازمی) ۲۰۱۱

(سائنس گروپ)

وقت: ڈھائی گھنٹے کل نشانات: ۶۰

## حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۳۵)

نوٹ: اس حصہ سے کل دس (۱۰) سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں۔

سوال ۲۔ درج ذیل میں سے کسی تین کے مختصر جواب تحریر کیجئے:

(الف) ٹھٹھہ کی درسگاہوں میں کون کون سے مضامین پڑھائے جاتے تھے؟

(ب) سر سید احمد خان کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(ج) اللہ تعالیٰ کس قوم کی حالت بدلتا ہے؟

(د) قرآن پاک میں حضور اکرمؐ کے متعلق کیا شہادت دی ہے؟

(ہ) پاکستان میں کون کون سی علاقائی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

سوال ۳۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے:

(الف) قرطبہ کا قاضی (ب) توصیف کا خواب (ج) بنت بہادر شاہ

سوال ۴۔ درج ذیل منظومات میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے۔

(الف) جنگ یرموک کا ایک واقعہ (ب) صبح کا سماں (ج) ہنس نامہ

CBF

سوال ۵۔ درج ذیل میں اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے۔شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔

(۱) مسلم ہے تجھی کو حکمرانی — کہ تیری سلطنت ہے جاودانی

(۲) عشق پیچے کی طرح حسن گرفتاری ہے — لطف کیا سرو کی مانند گر آزاد رہو

(۳) دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے — آخر اس درد کی دوا کیا ہے

(۴) زندگر ہے یا کوئی طوفان ہے — ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

سوال ٦۔ اپنے بھائی کو ایک خط تحریر کیجئے جس میں اس کو امتحان کی تیاری کرنے کے لئے چند مفید مشورے کیجئے

---یا--- کسی اخبار کے مدیر کو ایک خط تحریر کیجئے جس میں شہر میں ہونے والی غیر اعلانیہ برقی رو کی بار بار معطلی سے پیدا ہونے والے مسائل کی طرف متعلقہ حکام کی توجہ مبذول کروائیے۔

سوال ۷۔(الف) مندرجہ ذیل الفاظ کے مترادف تحریر کیجئے۔

امن۔ غم۔ غیظ۔ حسن۔ حق۔ ذوق۔ کشت۔ خبر۔

(ب) لقب، خطاب، کنیت اور تخلص میں سے ہر ایک کی دو دو مثالیں دیجئے۔

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۵)

سوال ۸۔ درج ذیل نثر پارے کا مطلب تحریر کیجئے۔سبق کا عنوان اور مصنف کا حوالہ بھی تحریر کیجئے۔

اس نے ایک مایوس اور افسردہ قوم میں ایک نئی روح پھونک دی اور ایسا قوی جذبہ قومی پیدا کیا جو اب تک کام کر رہا ہے۔حق یہ ہے کہ قومیت کا خیال بھی اسی کا پیدا کیا ہوا ہے۔اگر اس کی زندگی کا بغور مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ قصرِ پاکستان کی بنیاد میں سب سے پہلی اینٹ اسی پیر مرد نے رکھی تھی۔

---یا--- درج ذیل جملوں میں سے کسی چار کی مختصر تشریح کیجئے۔

(۱) ان گلی ہڈیوں سے ایسی محبت کا دیکھنا اس کے دل کو پاش پاش کرتا تھا۔

(۲) چارسو درس گاہوں کا وجود علمی ذوق کے عام ہونے کی دستاویز ہے

(۳) خدا کا اصلی گھر تو بچھڑے ہوئے کلیم کی ماں کا دل تھا۔

(۴) میرے اعمال کی شامت سے ان کو رسوا نہ کر۔ (۵) بھائیو! اس دن کے لئے سامان کر رکھو۔

(٦) شام نے آ کر اندھیرے کی سپر بیچ میں رکھ دی۔

سوال ۹۔ درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجئے۔نظم کا عنوان اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔

(۱) کس قدر تم پہ گراں صبح کی بیداری ہے — ہم سے کب پیار ہے ہاں نیند تمہیں پیاری ہے
طبع آزاد پہ قید رمضان بھاری ہے — تمہیں کہدو، یہی آئین وفاداری ہے
قوم مذہب سے ہے مذہب جو نہیں، تم بھی نہیں — جذب باہم جو نہیں، محفل انجم بھی نہیں

(۲) وہ صبح اور وہ چھاؤں ستاروں کی اور وہ نور — دیکھے تو غش کرے ارنی گوئے اوج طور
پیدا گلوں سے قدرت اللہ کا ظہور — وہ جابجا درختوں پہ تسبیح خواں طیور
گلشن خجل تھے وادی مینو اساس سے — جنگل تھا سب بسا ہوا پھولوں کی باس سے

سوال ۱۰۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھئے۔

CBE

(۱) کتب بینی کے فوائد (۲) میرا پسندیدہ مشغلہ (۳) وقت کی اہمیت (۴) ایک ناقابل فراموش واقعہ (۵) اسلام کی برکتیں

# اردو (لازمی) ۲۰۱۰

وقت: ۳۰ منٹ (نیا نصاب) کل نشانات: ۱۵

## حصہ الف (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) (۱۵)

ا۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لئے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) ان کو جدید اردو نثر کا بانی کہا جاتا ہے:

(الف) محمد حسین آزاد (ب) سر سید احمد خان (ج) مولوی نذیر احمد (د) مولوی عبدالحق

(۲) سبق رسول اکرم ﷺ کے اخلاق کی مصنف ہیں:

(الف) مولوی عبدالحق (ب) سید سلیمان ندوی (ج) مولانا شبلی نعمانی (د) ڈپٹی نذیر احمد

(۳) اردو ادب میں مصورِ غم کے لقب سے مشہور ہیں:

(الف) سر سید احمد خان (ب) علامہ راشد الخیری (ج) محمد حسین آزاد (د) خواجہ حسن نظامی

(۴) حلاوہ زبیر کی تھی: (الف) ماں (ب) دایہ (ج) خادمہ (د) انا

(۵) چینی زبان میں چائی چن کے معنی ہیں:

(الف) شکریہ (ب) مزاج شریف (ج) اچھا پھر ملیں گے (د) خدا حافظ

(۶) پطرس اس میں اعلیٰ مقام رکھتے ہیں:

(الف) تاریخ نگاری (ب) مزاح نگاری (ج) سیرت نگاری (د) ڈرامہ نگاری

(۷) نظم حمد کے شاعر کا نام ہے:

(الف) مولوی اسمٰعیل میرٹھی (ب) شیخ ایاز (ج) مولانا ظفر علی خان (د) نظیر اکبر آبادی

(۸) ان سندھ میں ایک قیمتی متاع سمجھا کا تا ہے:

(الف) کھنڈرات (ب) مقبروں (ج) کتابوں (د) عمارتوں

(۹) نظم ہنس نامہ صنف شاعری کے لحاظ سے ہے:

(الف) مثنوی (ب) مسدس (ج) مخمس (د) رباعی

(۱۰) حکیم الامت ان کا لقب ہے:

(الف) مولوی اسمٰعیل میرٹھی (ب) مرزا اسد اللہ غالب (ج) میر تقی میر (د) علامہ اقبال

(۱۱) خدائے سخن اور شہنشاہ تغزل ان کو کہا جاتا ہے:

(الف) مرزا غالب (ب) میر تقی میر (ج) جگر مراد آبادی (د) خواجہ میر درد

(۱۲) دعائے خلیل سے شاعر کی مراد ہے:

CBF

(الف) حضرت عیسیٰ (ب) حضرت موسیٰ (ج) حضرت ابراہیم (د) حضرت جبرائیل

(۱۳) یہ وہ مختصر نام ہے کو شاعر اپنے اصلی نام کی جگہ استعمال کرتا ہے:

(الف) عرفیت (ب) کنیت (ج) خطاب (د) تخلص

(۱۴) مرثیہ نگاروں میں ان کا بلند مرتبہ ہے:

(الف) مرزا غالب (ب) میر انیس (ج) مولانا حالی (د) میر تقی میر

(۱۵) دوڑنا کا حاصل مصدر ہے: (الف) دوڑ (ب) دوڑایا (ج) دوڑا (د) دوڑانا

# اردو (لازمی) ۲۰۱۰

وقت: ڈھائی گھنٹے (سائنس گروپ) کل نشانات: ۶۰

## حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات) (۳۵)

(۲) درج ذیل میں سے کسی تین کے مختصر جواب تحریر کیجئے:

(الف) بوڑھا اپنے ماضی پر کیوں افسوس کر رہا تھا؟

(ب) حضرت عائشہؓ نے حضور انور کے اخلاق کے بارے میں کیا فرمایا؟

(ج) علیم نے مقروض خاندان کی کسطرح مدد کی؟ (د) پاکستان میں کون کونسی علاقائی زبانیں بولی جاتی ہیں

(ہ) حلاوہ کون تھی اور وہ اس قدر پریشان کیوں تھی؟

(۳) درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے:

(الف) سچی ہمدردی (ب) گزرا ہوا زمانہ (ج) پہلا قدم شرط ہے

(۴) درج ذیل منظومات میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے۔

(الف) صحرا کی دعا (ب) ہنس نامہ (ج) وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا

(۵) درج ذیل میں اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے۔

(۱) بارے دنیا میں رہو، غمزدہ یا شاد رہو — ایسا کچھ کر کے چلو یاں کہ بہت یاد رہو

(۲) شمع کی مانند ہم اس بزم میں — چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

(۳) اسلام کا زمانے میں سکہ بٹھا دیا — اپنی مثال آپ ہیں یاران مصطفیٰ

(۴) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا — اور درویش کی صدا کیا ہے

(۶) اپنے چھوٹے بھائی کو ایک خط تحریر کیجئے جس میں اسے سادہ زندگی گزارنے کی تلقین کرتے ہوئے اس کی افادیت اور اہمیت واضح کیجئے۔ ۔۔۔یا۔۔۔ کسی اخبار کے مدیر کو ایک خط تحریر کیجئے جس میں کراچی میں ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام کے لئے چند تجاویز پیش کیجئے۔

(۷)(الف) درج ذیل مکبر کے مصغر اور مصغر کے مکبر تحریر کیجئے۔

کھاٹ، لوٹا، کتاب، لاٹھی، پہاڑ، ڈبیا، دیگ، ڈھولک

CBF

(ب) مندرجہ ذیل کے متضاد تحریر کیجئے۔ تلخ، بد، ابتدا، سود، فنا، حق، عروج، آغاز

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) (۲۵)

(۸) درج ذیل نثر پارے کا مطلب تحریر کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا حوالہ بھی تحریر کیجئے۔

تم سے پہلے کی قومیں اس لئے برباد ہو گئیں کہ جب کوئی بڑا آدمی جرم کرتا تھا تو اس چھوڑ دیتے اور جب معمولی آدمی جرم کرتا تو وہ سزا پاتا۔ خدا کی قسم اگر محمد کی بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتی تو اس کے بھی ہاتھ کاٹے جاتے۔ ---یا--- درج ذیل جملوں میں سے کسی چار کی مختصر تشریح کیجئے۔

(i) ایسے شوہر کے دل میں گھر کرنا لوہے کو نرمانا اور پتھر کو جونک لگانا تھا۔

(ii) الٰہی آج کا آفتاب یہ کیا دیکھ رہا ہے آج کی روشنی میں یہ کیا ہو رہا ہے

(iii) مشرق کا شہسوار ستاروں کی فوج کو شکست دے کر شعاع کا نیزہ ہاتھ میں لئے نکلا۔

(iv) ایسے لوگ بھی یقیناً ہوئے ہیں جنھوں نے اسلاف کی کتابوں کو بے دردی سے لٹادیا۔

(v) اللہ تعالی کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ اپنی حالت خود بدلنے کا تہیہ نہ کرلے۔

(vi) انسان کی نیکی ہی اسکی ایک ایسی چیز ہے جو آخر تک رہتی ہے۔

(۹) درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔

۱۔ منفعت ایک ہے اس قوم کی نقصان بھی ایک     ایک ہی سب کا نبی ﷺ، دین بھی، ایمان بھی ایک
حرم پاک بھی، اللہ بھی، قرآن بھی ایک     کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک
فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں!     کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

--یا--

۲۔ وہ دشت و نسیم کے جھونکے وہ سبزہ زار     پھولوں پہ جا بجا وہ گہرہائے آبدار
اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا بار بار     بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ہزار
خواہاں تھے نخل گلشنِ زہرا جو آب کے     شبنم نے بھر دئے تھے کٹورے گلاب کے

(۱۰) درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھئے۔

(i) چلو تو سارے زمانے کو ساتھ لے کے چلو (ii) ساحل سمندر کی سیر (iii) محنت کی عظمت

(iv) طلباء کے لئے وقت کی اہمیت (v) کتب خانوں کی اہمیت

# اردو (لازمی) ۲۰۰۹

وقت ۳ گھنٹے     (سائنس گروپ)     کل نشانات: ۷۵

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ (۸)

۱۔ سبق کے عنوان اور مصنف کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کا مطلب تحریر کیجئے اور خط کشیدہ الفاظ کی تشریح کیجئے

CBF

شاہِ با تدبیر نے اس خبر کو یہیں بند رکھا کہ اگر لڑتی ہوئی فوج کو یہ خبر وحشت ناک پہنچی تو سارے لشکر میں ہل چل پڑ جائے گی۔ فوراً اپنی رکاب کی فوج لے کر برق و باد کی طرح لپکا اور اس کالی آندھی کے سامنے جا کر پہاڑ کی طرح ڈٹ گیا۔ اوّل پیغام بھیجا کہ اس وقت قلعے والوں سے ہمارا مقابلہ ہو رہا ہے۔ شایانِ جوانمردی یہ ہے کہ جب تک ہم ادھر سے فارغ نہ ہولیں تم ہم پر حملہ نہ کرو۔

---یا---   درج ذیل میں سے کسی چار جملوں کی تشریح کیجئے۔

(۱) اسلاف کی کتابوں کو بے دردی سے لٹایا اور جو ہرات کو کوڑیوں کے مول فروخت کر دیا۔

(۲) دولت جس کے کاٹے کا منتر نہیں، صورت جس کے جادو کا اتار نہیں، دونوں غائب۔

(۳) رزق کے اچھی طرح ملنے کا شکر چاہئے، کمی کا شکوہ کیا۔

(۴) میرے نزدیک بُت فروش نام پانے سے بُت شکن ہونا بہتر ہے۔

(۵) تحقیق اور اجتہاد میں جو جمود پیدا ہو گیا تھا، اسے توڑا۔

(۶) میری بوڑھی زبان سے اللہ تعالیٰ کا عفو و رحم کئی بار بولا لیکن اس نے سننے والے کانوں کو بہرا پایا۔

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (۶)

(۱) قرآن پاک میں حضور اکرمؐ کے متعلق کیا شہادت دی ہے؟

(۲) ٹھٹھہ کی درسگاہوں میں کون کون سے مضامین پڑھائے جاتے تھے؟

(۳) نظریہ پاکستان کا مفہوم کیا ہے؟

(۴) پاکستان میں کون کون سی علاقائی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

(۵) زبیر کون تھا اور اس نے کیا جرم کیا تھا؟ (۶) اللہ تعالیٰ کس قوم کی حالت بدلتا ہے؟

۳۔ سبق بنت بہادر شاہ کا خلاصہ یا قرطبہ کا قاضی کا مرکزی خیال تحریر کیجئے (۶)

۴۔ نظم کے عنوان اور شاعر کے حوالے کے ساتھ درج ذیل بند کی تشریح کیجئے۔ (۱۰)

مثلِ بو قید ہے غنچے میں، پریشاں ہو جا　　رخت بردوش ہوائے چمنستاں ہو جا
ہے تنک مایہ تو ذرّے سے بیاباں ہو جا　　نغمۂ موج سے ہنگامہ طوفان ہو جا
قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے　　دہر میں اسمِ محمدؐ سے اجالا کر دے

---یا--- مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی تین کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجئے۔

(۱) نہیں اوّل کو آخر سے جدائی　　ورائے عقل ہے تیری خدائی

(۲) عدم سے کیا اس نے تخلیق سب کچھ　　وہی خالق بزمِ ہر دوسرا ہے

(۳) ہم کو دیوانگی شہروں ہی میں خوش آتی ہے　　دشت میں قیس رہو، کوہ میں فرہاد رہو

(۴) شمع کی مانند ہم اس بزم میں　　چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

(۵) میں ان سے عفو جرم کی درخواست کیا کروں　　معلوم بھی تو ہو کوئی اپنی خطا مجھے

(۶) بیتاب ہے آب و گل میں مستی　　آنکھوں میں ہے رنگ دل میں مستی

CBF

۵۔ ذیل میں دیئے گئے مرکبات میں سے کسی پانچ کا مفہوم بتائیے۔ (۵)

اَرِنی گوئے اَوجِ طور۔ صفت تیغ بے نیام ۔ قانون کا تازیانہ ۔ رہے فرصت سے ہم آغوش۔ بلبل بستان مصطفیٰ ۔ دعائے خلیل۔ سوختہ بختی۔

۶۔ نظم 'صبح کا سماں' کا خلاصہ یا نظم 'ہنس نامہ' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ (۵)

۷۔ اپنے دوست کو خط لکھیے جس میں اسے بتائیے کہ امتحان کی تیاری کس طرح کرنی چاہیے۔ (۵)

--یا-- کسی اخبار کے مدیر کو خط لکھیے جس میں کئی کئی گھنٹوں کی غیر اعلانیہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے شہریوں کے ہونے والے نقصانات کی طرف متعلقہ حکام کو توجہ دلائیے۔

۸۔(الف) درج ذیل کی جمع اور جمع الجمع تحریر کیجیے۔ نادر۔رقم۔رکن۔جوہر۔فتح۔ (۵)

(ب) ذیل کے الفاظ سے اسم فاعل اور اسم مفعول بنائیے۔ قصد۔شکر۔جبر۔علم۔ظلم۔ (۵)

۹۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دو صفحات کا مضمون تحریر کیجیے۔ (۱۰)

(الف) اسلام کی برکتیں (ب) کتب بینی کے فوائد (ج) وقت کی اہمیت

(د) ایک ناقابل فراموش واقعہ (س) میرا پسندیدہ مشغلہ

۱۰۔ مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو قوسین میں دیئے گئے صحیح جواب سے پر کیجیے۔ (۱۰)

(۱) -------- کو انیسویں صدی کا عظیم مصلح کہا جاتا ہے۔ (راشد الخیری۔سید سلیمان ندوی۔سر سید)

(۲) محمد حسین آزاد کو------اور اردو کا سب سے بڑا انشاء پرداز کہا جاتا ہے۔(آقائے اردو۔بابائے اردو۔سرمایۂ اردو)

(۳) کپتان ہملٹن سن ------عیسوی میں شہر ٹھٹھہ آیا تھا۔ (۱۹۶۶۔۱۶۹۹۔ ۱۸۹۹)

(۴) ------خطوط نگاری میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ (مولوی عبدالحق۔سر سید احمد خان۔مرزا غالب)

(۵) بنت بہادر شاہ کا نام------تھا۔(زینب زمانی بیگم۔حافظ سلطان۔ کلثوم زمانی بیگم)

(۶) ------اردو کے معروف صوفی شاعر ہیں۔(خواجہ میر درد۔میر تقی میر۔شاہ عبدالطیف)

(۷) نظم نعت کے شاعر کا نام ------ ہے۔(مولانا حالی۔اسمٰعیل میرٹھی۔مولانا ظفر علی خان)

(۸) جواب شکوہ------کی مشہور نظم ہے۔(حالی۔اقبال۔انیس)

(۹) اردو کا پہلا قومی شاعر------کو کہتے ہیں۔ (حالی۔اقبال۔نظیر)

(۱۰) غزل کا پہلا شعر------کہلاتا ہے۔ (حسن مطلع۔مقطع۔مطلع)

## اردو (لازمی) ۲۰۰۸

وقت ۳ گھنٹے (سائنس گروپ) کل نشانات: ۷۵

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ (۸)

۱۔ سبق کے عنوان اور مصنف کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کا مطلب تحریر کیجیے اور خط کشیدہ الفاظ کی تشریح کیجیے

CBF

یہ سن کر تمام خاندان کا خاندان اتنا خوش ہوا کہ میں بیان نہیں کر سکتا اور میں ان میں سے اس وقعت کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا جیسے خوش دل اور شکر گزار رعایا میں کوئی بادشاہ یا حلقہ ءمریدان ارادتمند میں کوئی پیرو مرشد۔ اس عورت کے منہ سے مارے خوشی اور شکر گزاری کے بات نہیں نکلتی تھی۔ بار بار میری بلائیں لیتی تھی اور میرے ہاتھوں کو چومتی اور آنکھوں کو لگاتی تھی

---یا---

مندرجہ ذیل میں سے کسی چار جملوں کی تشریح کیجئے۔

(۱) مسلمانوں کی قومیت ایک نظریاتی قومیت ہے جو لا الہٰ الا اللہ پر قائم ہے۔(۲) الہی آج کا آفتاب یہ کیا دیکھ رہا ہے! آج کی روشنی میں کیا ہو رہا ہے! (۳) میرے اعمال کی شامت سے ان کو رسوا نہ کر۔ (۴) قصرِ پاکستان کی بنیاد میں پہلی اینٹ اسی پیر مرد نے رکھی۔(۵) تیمور کے نام کی عزت رکھیو اور ان بے کس عورتوں کی آبرو بچائیو۔(۶) ہاسٹل میں جسے دیکھو بحرِ علوم میں غوطہ زن نظر آتا ہے۔

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (۶)

(۱) لبستی کون تھا؟ اس نے شاہی خاندان کی کس طرح مدد کی؟ (۲) کانگریس کا اصل مقصد کیا تھا اور مسلم لیگ کا قیام کیوں عمل میں آیا؟ (۳) سرسید احمد خان کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ (۴) بوڑھا اپنے ماضی پر کیوں افسوس کر رہا تھا؟ (۵) بنیے نے خاں صاحب پر ڈگری کیوں کروائی تھی؟ (۶) توصیف کو غریب عورت کے دکھ کا احساس کب ہوا

۳۔ 'سچی ہمدردی' کا خلاصہ یا 'توصیف کا خواب' کا مرکزی خیال تحریر کیجئے۔ (۶)

۴۔ نظم کے عنوان اور شاعر کے حوالے کے ساتھ درج ذیل بند کی تشریح کیجئے۔ (۱۰)

یکایک ہوئی غیرت حق کو حرکت　　　بڑھا جانب بوقبیس ابرِ رحمت
ادا خاک بطحا نے کی وہ ودیعت　　　چلے آتے تھے جس کی دیتے شہادت
ہوئی پہلوئے آمنہؓ سے ہویدا
دعائے خلیل اور نوید مسیحا

---یا--- مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی تین کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجئے۔

(۱) بارے دنیا میں رہو غم زدہ یا شاد رہو　　　ایسا کچھ کر کے چلو یاں کہ بہت یاد رہو
(۲) زمین و آسماں کا نور ہے تو　　　مگر خود ناظر و منظور ہے تو
(۳) تہمت چند اپنے ذمے دھر چلے　　　کس لئے آئے تھے ہم کیا کر چلے
(۴) صداقت ہو تو دل سینوں سے کھنچنے لگتے ہیں واعظ　　　حقیقت خود کو منوا لیتی ہے مانی نہیں جاتی
(۵) ہم ہیں مشتاق اور وہ بے زار　　　یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے
(۶) نہ تھی حال کی جب ہمیں اپنے خبر رہے دیکھتے اوروں کے عیب و ہنر
پڑی اپنی برائیوں پر جو نظر تو نگاہ میں کوئی برا نہ رہا

۵۔ درج ذیل اشعار میں سے خط کشیدہ الفاظ کی تشریح کیجئے۔ (۵)

CBF

(۱) ہوئی پہلوئے آمنہؓ سے ہویدا دعائے خلیل اور نوید مسیحا

(۲) مسلم ہے تجھی کو حکمرانی کہ تیری سلطنت ہے جاودانی

(۳) ایک نوجوانا صورت سیماب مضطرب آ کر ہوا امیر عسا کر سے ہم کلام

۶۔ نظم وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا' کا خلاصہ یا نظم 'جواب شکوہ' کا مرکزی خیال تحریر کیجئے۔ (۵)

۷۔ اپنے دوست کو خط لکھئے جس میں اسے بتائیے کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے۔ (۵)

--یا--

کسی اخبار کے مدیر کو خط لکھئے جس میں بتائیے کہ ٹریفک کا شور اور دھواں کس طرح انسانی صحت کو متاثر کرتا ہے۔

۸۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ یا محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔ (۵)

حق پرستی، خوفناک، زیروزبر کرنا، نمودار ہونا، معاشرہ، قومی اتحاد، مفاد۔

(ب) کنیت اور عرفیت کا فرق واضح کیجئے اور ہر ایک کی ایک مثال دیجئے۔ (۵)

۹۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دو صفحات کا مضمون تحریر کیجئے۔ (۱۰)

(الف) کتب خانوں کی اہمیت (ب) پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

(ج) محنت میں عظمت ہے (د) طلباء کے لئے وقت کی اہمیت

۱۰۔ مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو قوسین میں دیئے گئے صحیح جواب سے پر کیجئے۔ (۱۰)

(۱) آسماں پر نظر آنے والی روشنی ...... کی تھی۔ (چاند۔ نیکی کی دلہن۔ سورج)

(۲) محمود غزنوی کے والد کا نام ...... تھا۔ (قطب الدین۔ سبکتگین۔ جلال الدین)

(۳) سیرت النبیؐ ...... نے مکمل کی۔ (شبلی نعمانی۔ محمد حسین آزاد۔ سید سلیمان ندوی)

(۴) ...... اردو کے پہلے ناول نگار گنے جاتے ہیں ۔ (راشد الخیری۔ حالی۔ ڈپٹی نذیر احمد)

(۵) 'قرطبہ کا قاضی' ...... کا ڈرامہ ہے۔ (احمد شاہ بخاری پطرس۔ امتیاز علی تاج۔ ابنِ انشاء)

(۶) اسمٰعیل میرٹھی کو ...... کا شاعر کہا جاتا ہے۔ (نوجوانوں۔ بچوں۔ بوڑھوں)

(۷) کس نظم میں کسی زندہ شخص کی تعریف کی جائے اسے ...... کہتے ہیں (مرثیہ۔ قصیدہ۔ رباعی)

(۸) غزل کے پہلے شعر کو ...... کہتے ہیں۔ (مقطع۔ مطلع۔ مخمس)

(۹) پانچ مصرعوں کے بند کو ...... کہتے ہیں۔ (مسدس۔ مربع۔ مخمس)

(۱۰) ...... خدائے سخن کہلاتے ہیں۔ (مرزا غالب۔ علامہ اقبال۔ میر تقی میر)

CBF